قرضہ جات کا انتظام

Credit Management

انسٹیٹیوٹ آف رورل مینجمنٹ پرائیویٹ سیکٹر میں تربیت دینے اور صلاحتیں بڑھانے (Training & Capacity Building) کیلئے پاکستان کا سب سے بڑا ادارہ ہے جو گزشتہ 20 سالوں میں 10 لاکھ سے زائد مرد و خواتین کو مختلف شعبہ جات میں تربیت فراہم کر چکا ہے۔ انسٹیٹیوٹ آف رورل مینجمنٹ ترقی کے شعبے میں کام کرنے والے اداروں اور لوگوں کے بنے ہوئے اداروں (Institutions of the People) کیلئے تربیتی پروگرامز ڈیزائن (Design) اور ڈیلور (Deliver) کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ لوگوں کے بنے ہوئے انہی اداروں (Institutions of the People) میں سے ایسے لوگوں کو جو پہلے سے کریڈٹ پروگرام کی بنیادی تربیت حاصل کر چکے ہوں یا کمیونٹی کی سطح پر کسی نہ کسی طرح کریڈٹ کی فراہمی اور وصولی کے عمل میں شامل رہے ہوں یا مستقبل میں ان کو یہ ذمہ داری دینی ہے ان کیلئے 3 روزہ جامع تربیتی کورس ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کا مقصد قرضہ کے انتظام کا طریقہ سکھانا ہے تا کہ قرضہ جات کے پروگرام کو بہتر انداز میں چلا سکیں۔

کورس کے مقاصد:

۱۔ شرکاء کو قرضہ جات کی انتظام کاری سے متعارف کروانا
۲۔ شرکاء کو مراکزِ قرضہ جات کی اہمیت سے آگاہ کرنا
۳۔ شرکاء کو قرضہ جات کی انتظام کاری کی حکمت عملی سے متعارف کروانا
۴۔ شرکاء کو خطرات کی شناخت کا جائزہ لینے کی تکنیک سے متعارف کروانا
۵۔ شرکاء کو تاخیر سے ادائیگی کی انتظام کاری سے آگاہ کروانا
۶۔ شرکاء کو ریکوری کی تکنیک، کھاتہ داری اور (MIS) سے متعارف کروانا

تربیت کے اہم موضوعات:

۱۔ قرضہ جات کے مراکز کیوں اور کس لئے؟ قرضہ جات کے مراکز کی اہم خصوصیات
۲۔ قرضہ جات کے پورٹ فولیو کی انتظام کاری کیا ہے؟
۳۔ قرضہ جات کے مرکز کا مقصد اور قرضہ پورٹ فولیو کی انتظام کاری
۴۔ کریڈٹ اپریزل کی تکنیک کا جائزہ
۵۔ قرضہ جات کی انتظام کاری کی حکمت عملی
۶۔ خطرات کی انتظام کاری
۷۔ خطرات کی شناخت اور جائزہ
۸۔ پورٹ فولیو کو لاحق خطرہ (Portfolio at Risk)
۹۔ تاخیر سے ادائیگی
۱۰۔ منسوخی کا تصور (Concept of Write off)
۱۱۔ قرضہ جات کی دوبارہ ترتیب کے ساتھ انتظام کاری
۱۲۔ قرضہ جات کی وصولی کی تکنیک
۱۳۔ کھاتہ داری / ریکارڈ کیپنگ
۱۴۔ ایم آئی ایس (MIS)

طریقہ کار:

تربیت کے دوران زبانی، عملی، ذہنی مشق، گروپ ورک، انفرادی پیش کاری، رول پلے، کیس سٹڈیز اور کامیابی کی مثالوں کے ذریعے سے شرکاء کو بار بار گزار کر ایک پراعتماد تربیت دہندہ بنایا جائے گا۔

تربیتی کورس کا دورانیہ اور فیس:

تربیتی کورس کا کل دورانیہ 3 دن ہے اور تربیتی کورس کی فیس 11,400 روپے ہے، جس میں تربیت دہندہ کی فیس، دورانِ تربیت دوپہر کا کھانا، صبح و شام کی چائے، ہینڈ آؤٹ، گروپ فوٹو اور سرٹیفیکیٹ / سند شامل ہیں۔

بروقت کنفرم کرنے پر آئی آر ایم رہائش کے انتظام میں سہولت مہیا کرے گا، جس کی ادائیگی تربیت دہندہ یا تربیت کے لئے بھیجنے والے ادارہ نے کرنی ہوگی۔ رہائش کے اخراجات تربیت کی فیس میں شامل نہیں ہیں۔

نوٹ:

کورس فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ یا چیک انسٹیٹیوٹ آف رورل مینجمنٹ کے نام جمع کروانی ہوگی۔۔

اہلیت کیلئے شرائط:

۱۔ پڑھا لکھا (کم از کم مڈل پاس) ہونا ضروری ہے ترجیحاً قرضہ پروگرام اور ریکارڈ کیپنگ کا تجربہ رکھتا ہو
۲۔ ایمانداری اور قابلیت کے حوالے سے اچھی ساکھ کا مالک ہو
۳۔ قرضہ جات کے انتظام کی تربیت لینے کے بعد مستقبل میں اس پروگرام کیلئے کام کرنے کو تیار ہو

نوٹ: آپ کی نامزدگی آنے پر آئی آر ایم Joining Instructions آپ کو بذریعہ ای میل / فون جاری کرے گا۔

مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کریں

انسٹیٹیوٹ آف رورل مینجمنٹ
فارم نمبر C7-A، گلی نمبر 2، چک شہزاد، اسلام آباد فون: 051-2616521-2, 2616553
ای میل: anwar@irm.edu.pk, alia@irm.edu.pk
ویب سائٹ: www.irm.edu.pk

20 years of IRM

IRM is an ISO Certified Organization